پیشگی (للعہ)

دوا ہمیں شفا ہمیں غرض دارالامان ہمیں | رجسٹرڈ نمبر ایل ۲۸۸ | چہ گویم با تو گر آئی چہادر قادیان ہمیں | معہ ضمیمہ

نمبر (۲۱) | مورخہ ۲۵ صفر ۱۳۲۷ھ علی صاحبہا التحیۃ والسلام مطابق ۱۸ مارچ ۱۹۰۹ء مطابق ۹ بیساکھ سمت ۱۹۶۶ بکری | جلد (۸)

دارالامان ہمارا جنت نشاں ہمارا | اڈیٹر و مینیجر محمد صادق عفی اللہ عنہ | سارے جہاں سے اچھا دارالاماں ہمارا

"پیامِ صادق"

مخدومی مفتی محمد صادق صاحب ضلع گورداسپور کے دورہ کے بقیہ حالات بھیجتے ہیں جن کے مطالعہ سے معلوم ہو سکتا ہے۔ کہ جو شخص صدق اور اخلاص کے ساتھ لعدفی سبیل اللہ نکلتا ہے کامیاب ہوتا ہے

رپورٹ دورہ اڈیٹر

نمبر ۲

(سلسلہ کیواسطے دیکھو اخبار بدر نمبر ۱۹ و ۲۰ - ۱۱ مارچ ۱۹۰۹ء)

تلونڈی جھنگلاں گذشتہ رپورٹ میں میں سکھوں کے حالات لکھ چکا ہوں اس کے بعد دوسری شب میں تلونڈی میں ٹھہرا۔ جہاں کہ احباب نے کوشش کرکے بدر کیواسطے چار نئے خریدار بنائے۔ رات کو مردوں اور عورتوں نے مسجد میں وعظ سنا۔ جہاں عورتوں کے واسطے پردے کا انتظام کر دیا گیا تھا۔ تلونڈی کی جماعت احمدیہ بہت دینی شوق رکھتی ہے میرے ساتھ بہت اخلاص اور محبت سے پیش آئے۔ منشی امام الدین صاحب جو ایک قریب کے گاؤں میں پٹواری ہیں اور بڑے مستعد اور نیک آدمی ہیں اس جماعت کے سکرٹری ہیں منشی سکندر علی صاحب کے وہاں مدرس ہو کر جانے سے جماعت کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ لیکن دراصل مولوی رحیم بخش صاحب کی محنت اور کوشش اور تبلیغ کا نتیجہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کے فضل سے اس جگہ کی احمدی جماعت دینی کاموں میں بہت جوش رکھتی ہے اس جماعت کے للّٰہی جوش کے سبب یہاں پر صدر انجمن نے اپنے مدرسہ کی ایک شاخ قائم کی ہے۔ جس نے بہت تھوڑے عرصہ میں اس قدر ترقی کی ہے کہ اب اس میں قریباً ساٹھ طلبا پڑھتے ہیں۔ میں نے اس مدرسہ کا معائنہ کیا لڑکوں کو تمام مضامین میں ہوشیار پایا۔ جس سے منشی سکندر علی صاحب کی محنت اور توجہ کا ثبوت ملتا ہے۔ امید ہے کہ صدر انجمن جلد ان کو ایک نائب دیگی کیونکہ لڑکوں کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے۔ مدرسہ کے واسطے گاؤں کے باہر ایک نہائت موزوں جگہ پر ایک فراخ کمرہ بنایا گیا ہے اور اس میں ایک کنواں بھی اسی جگہ کی جماعت اپنے ہی خرچ سے بنوانے لگی ہے۔ جس کیواسطے خشت پختہ میری موجودگی میں آگئی تھیں۔ اس جماعت کے پاس ایک بڑی عمدہ فراخ اور خوبصورت بنی ہوئی پختہ عمارت کی مسجد ہے۔ جس میں نماز باجماعت کی خوب رونق رہتی ہے اس مسجد کے بنانے کے اخراجات میں چودہری محمد امین صاحب نے سنا گیا ہے کہ بہت حصہ لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے ایسا ہی چودہری رحیم بخش صاحب اس جماعت میں ایک مستعد آدمی ہیں۔ اس جگہ کے بھائی حسین بخش صاحب بھی قابل ذکر ہیں۔ جو ایک نابینا ہو کر آنکھوں والوں سے بڑھ کر ہوشیار اور مستعد آدمی ہیں۔ جتنی دیر میں یہاں رہا۔ حافظ صاحب برابر میرے ساتھ رہے۔ مدرسہ کے معائنہ کے وقت بھی ساتھ رہے دن رات ان کو اپنی جماعت کی ترقی اور مدد کی بہبودی کا شوق دامنگیر رہتا ہے اکثر جمعہ میں قادیان پہونچ جاتے ہیں اور میرا وعظ سننے کے واسطے میرے تیسرے مقام ہرسیاں پر بھی پہونچ گئے تھے۔ اور وعظ سنکر رات کے گیارہ بجے واپس اپنے گاؤں میں چلے گئے تھے۔ غرض ہر طرح سے یہاں کی جماعت کی ہوشیاری اور مستعدی قابل تعریف ہے۔ اللہ تعالےٰ ان سب کو استقامت عطا کرے اور نیکی کے کاموں میں زیادہ توفیق بخشے۔

ہرسیاں تلونڈی میں ہی ہرسیاں کے دوست میاں محمد فضل صاحب پہونچکر اقرار لے چکے تھے کہ میں ایک شب ہرسیاں میں ٹھہروں۔ چنانچہ ۲۸ فروری کی شام کو میں وہاں پہونچا رات کو وعظ ہوا۔ اس جگہ ہی انجمن بنائی گئی۔ جس کے سکرٹری میاں فضل محمد صاحب اور پریزیڈنٹ منشی نور محمد صاحب مقرر ہوئے یہاں کی جماعت تھوڑی ہے۔ مگر گاؤں چونکہ سکھوں کا ہے اس لحاظ سے کافی ہے۔ امید ہے کہ منشی نور محمد صاحب و منشی فضل محمد صاحب کی کوشش سے جماعت بہت ترقی کریگی انشاء اللہ۔ اس جگہ جب رات کو وعظ ہوا تو بہت سے سکھ بھی وعظ میں جمع ہوئے۔ جن کو باوا نانک صاحب کے حالات سنا کر دین اسلام کی طرف متوجہ کیا گیا۔ وعظ کے خاتمہ پر وہ بہت شکر گذاری کے ساتھ گئے۔ اس جگہ سے ایک فہرست درخواست نو مریداں کی حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کی خدمت بابرکت میں بھجوائی گئی۔

بدر پریس قادیان میں میاں معراج الدین عمر پروپرائٹر پرنٹر و پبلشر کے حکم سے باہتمام قاضی محمد ظہور الدین اکمل اسسٹنٹ چھپکر شائع کیا گیا۔ (محمد حسین احمدی)

علیوال ہرسیان سے عاجز بٹالہ کے راستہ علیوال گیا جہاں کے واسطے برادر عزیز بابو محمد شفیع صاحب کا اصرار تھا کہ ایک شب کے واسطے ضرور جاؤں یہاں کوئی جماعت نہیں لیکن ایک آدمی کو سمجھانے کا فائدہ ہوا اور وہ بیعت میں داخل ہوا۔

دہرم کوٹ بگہ علی وال سے ۲ مارچ ۱۹۰۹ء کی صبح کو عاجز دہرم کوٹ بگہ میں پہنچا جہاں ایک معقول تعداد احمدی برادران کی ہے اور ایک بڑی عمدہ مسجد بھی ان کے قبضہ میں ہے اس مقام کے احمدیوں کا لیڈر مولوی فتح الدین صاحب کو سمجھنا چاہئیے۔ جو کہ بہت ہی ہوشیار اور پرجوش احمدی ہیں۔ باوجود کثرت اشغال کے ہر وقت تبلیغ میں مصروف رہتے ہیں اور بہت مدلل گفتگو کرتے ہیں۔ انہیں کی کوشش سے خدا تعالیٰ نے اس قدر آدمیوں کو اس جگہ حق کی طرف رجوع دیا ہے کوئی تیس سال کا عرصہ گذرا ہوگا۔ جب کہ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی اس جگہ ایک دفعہ مولوی فتح الدین صاحب کی درخواست پر تشریف فرما ہوئے تھے اس جگہ جماعت احمدیہ کی انجمن بنی ہوئی ہے اس کا رجسٹر باقاعدہ ہے اور تحریر کا کام شیخ جلال الدین صاحب کرتے ہیں۔ شیخ جلال الدین صاحب کے والد جو ایک بزرگ آدمی ہیں اس سلسلہ کے واسطے بہت جوش رکھتے ہیں۔ ان کو حضرت اقدس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خواب میں فرمایا تھا کہ لنگر کے واسطے فکر کرنا چاہئیے تب سے وہ لنگر خانہ کے چندہ کے جمع کرنے کی طرف بہت توجہ کرتے ہیں اس جگہ ایک پبلک لیکچر ہوا۔ ہندو۔ آریہ۔ مسلمان مرد و زن سب جمع ہوئے بازار کے متصل ایک میدان میں اسلام کی خوبیوں پر وعظ کیا گیا سب نے نہائت غور سے سنا اس جگہ کے قریب دو اور گاؤں ہیں جہاں احمدی جماعت ہے۔ ایک ونجواں جہاں میاں بدر الدین صاحب ایک عاشقانہ مزاج احمدی ہیں دوم چوہدری میراں بخش صاحب بڑے دیندار آدمی ہیں۔

کلام المسیح اس جگہ کے دوست میاں بدر الدین صاحب نے ذکر کیا کہ جب ہم پہلی دفعہ حضرت کی خدمت میں پیش ہوئے اور بیعت کی تو آپ نے ہم کو نصیحت فرمائی کہ "یہ طاعون کے دن ہیں جو عذاب الٰہی ہے خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو دیکھو جو بکری دودھ نہیں دیتی اور خالی چارہ کھاتی ہے وہ ضرور ہے کہ کسی وقت قصاب کے حوالہ کی جاوے جو بیل خالی کھڑا رہے اور کچھ کام نہ کرے وہ بھی قصاب کے حوالہ کیا جاتا ہے انسان کی زندگی کا پتہ نہیں کہ کب ختم ہو جاوے۔ ہر وقت خدا کا خوف دل میں رکھو۔ کسی کا حق (حد زمین) نہ توڑو۔ کوئی تمہارا توڑے تو خاموش ہو رہو۔ صرف خدا کے بن جاؤ تم ولی اللہ ہو جاؤ گے۔" دوم خان فتح جہان کے دوست شیر محمد خان صاحب نے بڑے اصرار سے دعوت کی اور اپنے گاؤں میں وعظ کرایا۔ دہرم کوٹ کے شیخ اللہ رکھا صاحب اس گاؤں میں میرے ساتھ گئے اور میرے قیام دہرم کوٹ میں بہت خدمت کرتے رہے اس جگہ کے دوست شیخ محمد بخش صاحب جو ایک نوجوان جوشیلے احمدی ہیں ان کے دو خواب میں اس جگہ درج کرتا ہوں۔ اوّل۔ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت مرزا صاحب کے ساتھ وہ مکہ میں ہیں ایک بڑی جماعت آپ کے ساتھ ہے اہل عرب کہتے ہیں کہ یہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں سب بیعت کرو۔ میں ان کے ساتھ جھگڑتا ہوں کہ یہ مرزا صاحب مسیح موعود ہیں ہم قادیان میں ان کی بیعت کر چکے ہیں اسی طرح مباحثہ رہا آخر میں نے دل میں کہا کہ خیر ایک ہی بات ہے تب بات ختم ہوئی۔ دوم۔ دیکھا کہ حضرت مرزا صاحب حقہ کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ لغو ہے۔ مگر ہمارا ہی پیچھا نہیں چھوڑتا۔ فقط۔ میرے خیال میں حضور علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ ہمارا ہی پیچھا نہیں چھوڑتا۔ یہ معنے رکھتا ہے۔ کہ جماعت کے بعض آدمی تا حال حقہ پیتے ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح بھی حقہ سے بہت نفرت رکھتے ہیں۔ احباب احمدیہ کو چاہئیے۔ کہ اس کے ترک کرنے کی ...... کوشش کرتے رہیں۔

اس جگہ کے احمدی اگر ہمت کریں اور ارد گرد کے احمدیوں کو بھی ساتھ ملا کر مولوی فتح الدین صاحب کے واسطے کچھ گذارے کی صورت مقرر کر کے ان کو خدمات دینی کے واسطے بالخصوص فارغ کر دیں اور ایک مدرسہ دینی بنا دیویں تو مجھے امید ہے کہ اس علاقہ میں بہت تبلیغ ہو جائے اور اکثر لوگ حق کی طرف رجوع کر لیں۔

ڈیرہ بابا نانک دہرم کوٹ سے میں ڈیرہ بابا نانک کو گیا جہاں پہلے صرف ایک احمدی میاں نظام الدین صاحب خیاط تھے مگر میری دو روزہ رہائش سے اللہ تعالیٰ نے اس جگہ تین چار آدمیوں کی ایک جماعت بنا دی جنہوں نے بیعت کی درخواست بخدمت حضرت خلیفۃ المسیح ارسال کر دی ہے ان میں سے حکیم جلال الدین صاحب بہت ہی پرجوش احمدی ہیں اللہ تعالیٰ انہیں نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔ میں میاں نظام الدین صاحب کے مکان پر ٹھہرا جنہوں نے بہت اخلاص سے خدمت کی اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دے اس جگہ چولا صاحب کے دیکھنے کا بھی اتفاق ہوا کیونکہ وہ میلے کا دن تھا اور چولا کھولا گیا تھا۔ عموماً چولا کھول کر نہیں دکھایا جاتا بلکہ صرف اوپر کے رومال اتارے جاتے ہیں اندر کی تہ اسی طرح رہتی ہے۔ مگر میرے ساتھ اللہ تعالیٰ کے فضل کا معاملہ ہوا کہ ایک سبب خاص سے جب وقت میں گیا انہوں نے بغیر میرے کہنے کے ایک تہ کھول دی اور میں نے قرآن شریف کی آیات اس پر سے پڑھیں۔

دہرم کوٹ رندھاوا ہنوز میں ڈیرہ میں ہی تھا کہ دہرم کوٹ سے دو دوست ملاقات کے واسطے آئے اور مجھے وہاں لیگئے اس جگہ پہنچتے ہی حسن اتفاق سے حضرت میر عابد علی شاہ صاحب کا نیاز حاصل ہوا۔ ادھر سے میں شہر میں داخل ہوا اُدھر سے اسی وقت وہ داخل ہوئے گویا ان کو خدا نے میرے ہی واسطے بھیجا تھا۔ دہرم کوٹ میں چند ایک غریب مگر پرجوش احمدی ہیں۔ ایک میاں احمد بخش صاحب کشمیری۔ ایک میر محمد حسین شاہ صاحب ہیں اسی جگہ کے رہنے والے اور بھی جماعت کے آدمی ہیں مگر وہ سب باہر اپنی ملازمتوں پر گئے ہوئے ہیں۔ شیخ نور احمد صاحب وکیل ایبٹ آباد بھی اس جگہ کے رہنے والے ہیں ان کا مکان دیکھا اور ان کے لڑکے عزیز احمد کو بلوا کر پیار کیا کیونکہ یہ لڑکا ایک دفعہ بیمار ہو گیا تھا تو شیخ صاحب کے اطلاع دینے پر اس کے واسطے بہت دعائیں کی اور کرائی گئی تھیں اس واسطے اس سے محبت تھی۔ دہرم کوٹ سے واپسی پر حضرت میر صاحب موصوف میرے ساتھ آئے راستہ میں رتڑ چھتڑ کے مقام پر حضرت امام علی شاہ صاحب اور ان کے مرشد حضرت حسین شاہ صاحب کی قبروں پر فاتحہ پڑھی اور ان کے بزرگوں کے واسطے دعائے مغفرت کی کیونکہ ایک حصہ مخلوق الٰہی کے تزکیہ نفوس کا وہ باعث ہوئے تھے اور ان کے گدی نشین صاحب سے ملاقات ہوئی جس کا ذکر مختصر انشاء اللہ اگلے نمبر میں کیا جاویگا۔ دہرم کوٹ میں احباب کی امداد کے واسطے چھ نئے خریدار لکھے گئے دہرم کوٹ اور ڈیرے کے سفر میں منشی غلام محمد صاحب پھلوری سے بھی ملاقات ہوئی جو کہ اس علاقہ میں اپنی ملازمت کے کاروبار کے سبب دورہ کر رہے تھے اور ان کے ہمراہ ان کا عزیز شاہ محمد بھی تھا۔ منشی صاحب موصوف نے حضرت اقدس کی بیعت کے بعد ایک بے نظیر تبدیلی کی ہے اللہ تعالیٰ انکو استقامت دے ان کا لڑکا عزیز ثناء اللہ اس امتحان انٹرنس میں شامل ہوا ہے اس واسطے درخواست ہے کہ احباب عزیز کی کامیابی کے واسطے دعائے خیر فرماویں۔

دعا اور اس کے ساتھ ہی میں پھر حضرت خلیفۃ المسیح۔ احباب قادیان ممبران مجلس ضعفاء اور دیگر جماعت احمدیہ کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے اس مسافر بھائی کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والسلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مدرسہ احمدیہ

بخدمت جناب اڈیٹر صاحب اخبار بدر - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - رپورٹ وسکیم متعلق مدرسہ احمدیہ منظور کردہ مجلس معتمدین شائع فرمادیں -

حسب ریزولیوشن نمبر ۵۰۷ مجلس معتمدین منعقدہ ۳۱ جنوری ۱۹۰۹ء مندرجہ ذیل احباب کی ایک سب کمیٹی ۱۳ فروری سے ۱۸ فروری تک مختلف وقتوں میں مدرسہ عربی کی سکیم وغیرہ کے متعلق غور کرنے کے لیئے ہوتی رہی مولوی شیر علی صاحب - سید سرور شاہ صاحب قاضی امیر حسین صاحب ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب صاحبزادہ محمود احمد صاحب سکریٹری - اس سب کمیٹی نے مدرسہ عربی کے متعلق ایک مکمل سکیم و رپورٹ مرتب کر کے مجلس معتمدین میں بغرض منظوری پیش کی جو ذیل میں درج کی جاتی ہے اس رپورٹ وغیرہ کو پیش ہونے پر قرار پایا کہ یہ سکیم ومرحسب مشورہ حضرۃ مولویصاحب) اس تبدیلی کے ساتھ منظور ہے کہ جو لڑکے پرائمری پاس (اینگلو ورنیکولر) داخل ہوں ان کے لیئے انگریزی لازمی ہوگی اور ہفتہ میں تین گھنٹے انگریزی کے رکھے جاویں رپورٹ سب کمیٹی بھی اسی تغیر کے ساتھ منظور ہے یکم اپریل سے مدرسہ کھولا جاوے اس کے متعلق سکریٹری مناسب انتظام کر کے رپورٹ کرے -

رپورٹ سب کمیٹی منعقدہ ۱۳ فروری ۱۹۰۹ء

(۱) مدرسہ دینیات کے متعلق باہر سے آئی ہوئی مختلف راؤں کا خلاصہ سنایا گیا اور حضرت مولوی محمد احسن صاحب کی رائے متعلق نصاب مدرسہ دینیات جس کا نام احسن النظام لمدارس تعلیم الاسلام ہے سنائی گئی سب کمیٹی کے سب ممبروں نے بالاتفاق ان اصول تعلیم دینی کو تسلیم کیا جن پر حضرت مولوی صاحب کی رائے مبنی ہے اور قرار پایا کہ سکیم یعنے نصاب مدرسہ تیار کرنے کیوقت ان اصول کو مدنظر رکھا جاوے -

(۲) مختلف آرائے پر غور کرنے کے بعد سب کمیٹی اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ سردست ایک ایسا دینی مدرسہ قائم کیا جاوے جس سے اس ملک کے لیئے مبلغین اور علمائے احمدی کا گروہ پیدا کیا جاوے اس لیئے اس مدرسہ کی غرض کوئی یونیورسٹی کا امتحان پاس کرانا یا غیر ممالک کے لیئے مبلغین پیدا کرنے کی نہ ہوگی - اور اسی لیئے اس کے نصاب میں انگریزی تعلیم بھی داخل نہ ہوگی -

(۳) بعض احباب نے جو ایک تجویز انگریزی عربی کالج بنانے کی پیش کی ہے اس سے یہ کمیٹی بوجوہات ذیل موجودہ حالات میں متفق نہیں -

(ا) - سردست اس قدر سرمایہ صدر انجمن کے پاس نہیں جس سے ایسا کالج قائم ہوسکے (ب) جو اعلیٰ درجہ کے تعلیم یافتہ دین کے خادم بننے کا یا غیر ممالک میں تبلیغ کا شوق رکھتے ہوں وہ بعد تکمیل تعلیم انگریزی اسی مدرسہ دینیہ میں اعلےٰ درجہ کی عربی اور دینیات کی تعلیم حاصل کر سکتے ہیں - (ج) انجمن کے لئے مقدم یہ امر ہے کہ پہلے ہندوستان جیسے وسیع ملک میں احمدی اسلامی واعظین کا انتظام کرے اور اپنی جماعت میں ایسے علماء پیدا کرے جو آیندہ نسلوں کے لئے موجب ہدائت ہوں - (د) جو اعلےٰ درجہ کے تعلیم یافتہ غیر ممالک میں تبلیغ کے لئے نکلیں گے ان کے لئے انجمن کو بعد میں اخراجات بھی زیادہ کرنے پڑیں گے اور جو گروہ مبلغین یا علماء کا اس ملک کے لئے ہوگا ان کے لئے بعد میں انجمن کو خرچ بھی تھوڑا کرنا پڑیگا اور بہت سے کام بھی ان سے لئے جاسکتے ہیں (ہ) حالات موجودہ کے نیچے خالص دینی مدرسہ کے لئے بھی ... قابل طلبات کا ملنا مشکلات سے ہے اور انگریزی عربی کالج کے لئے پروفیسروں کا ملنا تو اور بھی مشکل امر ہے - (و) مجوزہ مدرسہ کے لئے طلباء کا ملنا کالج کے لئے طلباء کے ملنے سے آسان ہے -

نوٹ - سب کمیٹی کا یہ منشاء نہیں ہے کہ ایسا کالج نہ بنایا جائے بلکہ اس کی رائے میں سردست ایسے مدرسہ دینیات کا بنانا مقدم ہے - جسکی تجویز سب کمیٹی نے کی ہے اور بعد میں جس وقت اللہ تعالےٰ اور کشائش کی راہیں کھولدے اور مدرسے مشکلات کا بھی کوئی انتظام ہوسکے تو اسی مدرسہ کو ترقی دے کر کالج بنایا جاسکتا ہے -

(۴) مولوی شیر علی صاحب نے تجویز کیا کہ اس مدرسہ کا نام مدرسہ احمدیہ ہو اور سب کمیٹی نے اسے ذیل کے وجوہات پر پسند کیا ہے (ا) اس مدرسہ کی تحریک اولاً حضرت اقدس نے ہی کی تھی (ب) اب یہ مدرسہ آپ ہی کی یادگار میں قائم ہوتا ہے (ج) اسکی غرض احمدیہ علم کلام کو سکھانا اور احمدی مبلغین اور احمدی علماء کا پیدا کرنا ہے -

(۵) اس مدرسہ میں گیارہ سال سے کم عمر کا لڑکا داخل نہ کیا جاویگا

(۶) معیار قابلیت مروجہ پرائمری کا امتحان ہوگا -

(۷) جن لڑکوں نے پرائمری کا امتحان پاس نہ کیا ہو انہیں اس مدرسہ میں داخل ہونے کے لیئے ایک داخلہ کا امتحان دینا ہوگا

(۸) سکیم یعنے نصاب مدرسہ احمدیہ سات سال کیلیئے تیار کیا گیا ہے

(۹) مجوزہ ہفت سالہ نصاب میں دو درجے ہوں گے درجہ اولی کا امتحان پانچویں سال کے بعد اور درجہ اعلےٰ کا امتحان سات سال بعد ہوگا اور کوئی طالب علم درجہ اولیٰ سے درجہ اعلےٰ میں ترقی نہ کر سکیگا - جب تک وہ درجہ اولےٰ کے امتحان کو پاس نہ کرے اور نہ کسی طالب علم کو تکمیل تعلیم کی سند دیجائیگی جب تک وہ اعلےٰ درجہ کا امتحان پاس نہ کرے -

(۱۰) درجہ اعلےٰ میں کامیاب ہونے کے بعد جن طلباء کو کوئی خصوصیت سے اس قابل سمجھے گی اون کی دو سال کی اعلیٰ تعلیم کا انتظام کریگی ان دو سال میں طالب علم کو معقول وظیفہ دیا جائیگا

(۱۱) دو سال کی خاص تعلیم میں طرز تعلیم حسب ذیل طریق سے ہوگی - (۱) مندرجہ ذیل چھ مضامین سے ہر ایک دن ایک خاص مضمون پر طلباء کو ایک گھنٹہ کے لئے لکچر دیا جاویگا فضائل اسلام - مقابلہ مذاہب عالم مخالفین کے اعتراضوں کا جواب - فلسفہ قدیم وجدید - استنباط مسائل جمیع مذاہب اسلام ادب ولغت - (۲) اس لکچر کے علاوہ ایک گھنٹہ روزانہ پڑھانے کا ہوگا - جسمیں حسب ذیل کتب عبور کرائی جاوینگی الجواب الصحیح - ردّ شیعہ منہاج ابن تیمیہ - اعلام الموقعین ابن قیم - ائمہ ثلاثہ کی تین کتابیں - فصوص الحکم - احیاء العلوم زرقانی - اشباہ والنظائر - (۳) چھ مضامین مذکورہ ضمن اول میں سے ایک ایک مضمون پر ہر پندرہ روز میں طالب علم خود ایک مضمون لکھیگا - مضمون کا عنوان اس مضمون کا پروفیسر تجویز کریگا - یہ مضامین محققانہ ہونگے اور طالب علم بطور خود مطالعہ کتب کر کے ایسے مضامین تیار کریگا - (۴) ان کے علاوہ ہر ایک مضمون کے پروفیسر کا فرض ہوگا کہ اپنے اپنے مضامین کے متعلق ضروری کتابوں کے مطالعہ کی طلباء کو ہدائت کرے اور حسب ضرورت ان کے مطالعہ میں ان کو مدد دے

(۱۲) جن طالب علموں کو مجلس درجہ خاص کی تعلیم کے قابل نہ سمجھے گی ان میں سے بعض کو بطور واعظ مقرر کر کے باہر بھیجا جاویگا - اور بعض کو مولوی فاضل کے امتحان کے لئے تیار کیا جاویگا -

(۱۳) جو طالب علم بطور واعظ باہر بھیجے جانے ہوں ان کے لئے ضروری ہوگا کہ کم از کم ایک سال شفاخانہ میں عملی طور پر طبابت وجراحی کا کام سیکھیں اور وہ شفاخانہ میں اس ڈاکٹر کی زیر نگرانی تعلیم اور تجربہ حاصل کریں گے جسکی نگرانی میں شفاخانہ ہو

اور علاوہ ازین ان سے وعظ بھی کرایا جاویگا اور مضامین لکھائے جاوینگے۔

(۱۴) جن طلباء کو مولوی فاضل کے امتحان کے لئے طیار کیا جاویگا ان کو ایک سال مین مولوی فاضل کے امتحان کی ایسی کتابین جو نصاب ہفت سالہ مین شامل نہین عبور کرائی جاوینگی۔

(۱۵) ان معلومہ قسم کے طلباء کو اس سال کی پڑہائی کے لئے وہی وظیفہ دیا جاویگا جو وہ ساتوین سال لیتے رہے ہین۔

(۱۶) علاوہ ان امدادی وظائف کے جو سکین فنڈ سے دینیات کے طلباء کو اس وقت دئے جاوینگے، مندرجہ ذیل وظائف خاص مدرسہ احمدیہ کے فنڈ سے اس مدرسہ کے طلباء کو دئے جاوینگے جو مقابلہ کے وظائف کہلائینگے۔ جماعت دوم سوم ایک ایک وظیفہ سات روپے ماہوار کا، اور دو دو وظیفے چھ چھ روپے ماہوار کے۔ جماعت چہارم، پنجم ایک ایک وظیفہ آٹھ روپیہ ماہوار کا اور دو دو وظیفے سات سات روپے ماہوار کے۔ جماعت ششم و ہفتم ایک ایک وظیفہ دس روپے ماہوار کا دو دو آٹھ آٹھ روپیہ ماہوار کے اور درجہ خاص کی تعلیم مین دو سال کے لئے ہر ایک طالب علم کو پندرہ روپیہ ماہوار وظیفہ دیا جاوے گا۔

(۱۷) مقابلہ کے جو وظائف مدرسہ احمدیہ سے دئے جاوینگے۔ ان کے لئے حسب ذیل شرائط ہونگے (۱) ایسے طالب علم نے درجہ ادنیٰ کی پانچ جماعتوں مین پچاس فیصدی سے اور درجہ اعلےٰ کی دو جماعتون مین ساٹھ فیصدی سے کم نمبر سالانہ امتحان مین نہ لئے ہوں یعنے کل میزان کے لحاظ سے اور ہر ایک مضمون مین پاس ہوا ہو۔ (۲) اس کے استاد اور افسران اس کے چال چلن سے خوش ہون (۳) ہر ایک جماعت مین سب سے بڑا وظیفہ اس طالب علم کو دیا جاویگا جو اوّل رہے اور باقی دو دو وظیفے ان کو جو دوم اور سوم رہیں (۴) کوئی طالب علم جس کو ان شرائط سے وظیفہ ملیگا وہ امدادی وظیفہ کا حقدار نہ ہوگا مگر جملہ ان شرائط کا پابند ہوگا جو امدادی وظیفہ کے لئے معاہدہ مین دے چکا ہے۔

(۱۸) موجودہ طالب علم مدرسہ دینیات کا خاص امتحان لے کر جس جماعت مین چلنے کے قابل ہون۔ اسمین داخل کئے جاوین

اس رپورٹ کے ساتھ حسب ذیل سکیم منظوری کے لئے بعد ترمیم بمشورہ حضرت خلیفۃ المسیح پیش ہوئی - ہفت سالہ نصاب مدرسہ احمدیہ مجوزہ سب کمیٹی بمشورہ حضرت مولوی صاحب رض

* جماعت اول دوم سوم میں انگریزی داخل نہ ہوگی۔

جماعت اوّل*

مضمون	تعداد گھنٹہ ہفتہ مین	کتب
اردو	نصف وقت پڑہائی ، نصف وقت لکھائی } ۴½	تسخیر - مجموعہ نظم آزاد (تعلیم الانتظام - تعلیم الفصال - تعلیم الاخلاق) ذکار اللہ - قواعد اردو - جواب مضمون - خوشخطی
فارسی	۳ گھنٹہ	فارسی کی پہلی - گلدستہ دانش - قواعد فارسی ۵۸ صفحہ تک
قرآن شریف	۴½ گھنٹہ	ترجمہ اول پانچ پارہ - ... جزریہ نصف آخری نصف پارہ حفظ۔
حدیث	۴½ "	اربعین نوودی - ... - عمدۃ الاحکام -
صرف و نحو*	۹ گھنٹہ	ہدیۃ الصرف - دروس النحو نمبر ۱ و ۲ کی شرحین - میزان منشعب - نحو میر ضریری ماتہ عامل
ادب	۷½ گھنٹہ	منتخبات العربیہ - اللطیف
ترجمہ	۳ "	عربی بول چال عبد الرحمان امرتسری حصہ اول ۳۶ صفحہ تک

جماعت دوم

مضمون	تعداد گھنٹہ ہفتہ مین	کتب
اردو	۴½ گھنٹہ	توبۃ النصوح - دررثمین اردو - اردو مڈل کورس موم مڈل - جواب مضمون - خوشخطی - املار - انشار ذکار اللہ۔
فارسی	۳ گھنٹہ	پیرایہ خرد - دررثمین فارسی نصف اوّل
قرآن شریف	۴½ گھنٹہ	ترجمہ ۱۵ پارہ تک - سورہ سجدہ - دہر - جمعہ - منافقون - غاشیہ اعلیٰ حفظ کرانا
حدیث	۴½ "	بلوغ المرام - مختصر شمائل ترمذی - عجالہ نافعہ شاہ عبد العزیز صاحب رح کتاب النجم
فقہ	½ "	درر بہیہ - کیدانی
صرف و نحو	۷½ "	ہدایت النحو - دروس نحویہ نمبر ۳ و ۴ تطر - شذور - فصول اکبری - ترکیب قرآن شریف ربع اول
ادب	۷½ "	اسلوب الحکیم - نفحۃ الیمن ۱۰۰ صفحہ تک - جزیہ - دو قصاید عربی از آئینہ کمالات اسلام
ترجمہ	۳ "	عربی بول چال عبد الرحمان امرتسری حصہ اول - حصہ دوم ۸۵ صفحہ تک

جماعت سوم

مضمون	تعداد گھنٹہ ہفتہ مین	کتب
اردو	۳ گھنٹہ	انجیات - اسلام کا فلسفہ - لکچر لاہور حضرت امام صاحب
فارسی	۱½ گھنٹہ	گنجینہ خرد نصف - دررثمین نصف آخر
قرآن مجید	۴½ "	ترجمہ ختم
حدیث	۴½ "	مشکوٰۃ ربع اول و ربع آخر - سفر السعادۃ - نخبۃ الفکر - ریاض الصالحین -
فقہ	۳ "	قدوری - سراجی
صرف و نحو	۹ "	شافیہ کے چند اوراق - اوضح المسالک - کافیہ مفصل حصہ نحو ترکیب سورہ یسین -
ادب	۷½ "	نفحۃ الیمن ختم - اطباق الذہب اطواق الذہب - قصائد عربی حضرت اقدس
ترجمہ و انشار	۳ "	عربی بول چال عبد الرحمان امرتسری حصہ دوم - سوحات الانشار دو باکرن - بہاشا لکھنا -
بہاشا	۳ "	دو باکرن بہاشا لکھنا

جماعت چہارم

مضمون	تعداد گھنٹہ ہفتہ مین	کتب
طب یاکتابت	۳ گھنٹہ	طب احسانی - تکمیف الحکمت۔
تفسیر	۴½ "	جلالین
حدیث	۴½ "	مشکوٰۃ نصف درمیان - ترمذی نصف اول
فقہ و اصول فقہ	۴½ "	کنز - اصول شاشی - منار
کلام	۳ "	براہین حصہ ۱ و ۲ و ۳ - سرمہ چشم آریہ - حمامۃ البشریٰ
تاریخ و جغرافیہ	۳ "	تاریخ الخلفاء - رحلۃ جمال الکلام فی العرب والاسلام
صرف و نحو و معانی	۴½ "	دروس البلاغۃ ہر سہ حصہ مع تذکرۃ البلاغۃ - عروض با کافیہ تلخیص شرح ملا بحث اسم
ادب	۴½ "	مقامات زمخشری سبع معلقات - دیوان حسان
انشار	۳ "	اخبار بینی - گفتگو عربی زبان مین جواب مضمون عربی المنتخبات الادبیہ فی المراسلات العربیہ

املاء انشاء اردو و اخبار ... [illegible]

*- صرف و نحو کے پڑھانے مین عموماً بورڈ سے کام لیا جائیگا۔

بھاشا ۳ گھنٹہ - ویاکرن - (ایک اور کتاب)

جماعت پنجم

طب یا کتابت ۳ گھنٹہ - موجز - اردو تراجم طب انگریزی
تفسیر ۳ " - بیضاوی سورہ بقر ختم - مدارک ایک پارہ
حدیث ۲½ " - ترمذی نصف آخر - مسلم
فقہ و اصول فقہ ۳ " - ہدایہ نصف اول جمع الجوامع
کلام و مناظرہ ۲½ " - براہین حصہ ۴ - بائیبل عربی نصف - تحفہ گولڑویہ
حضرت صاحب کی پرانی تحریریں - جنگ مقدس نور الحق حصہ دوم
تاریخ جغرافیہ ۳ گھنٹہ - جغرافیہ - اشہر المشاہیر
علم الاعراب والتالیف ۳ " - مفتاح العلوم
منطق و فلسفہ ۳ گھنٹہ - ہدیہ سعدیہ - تحفہ انتظر
ادب ۲½ گھنٹہ - حماسہ - مقامات ہمدانی
انشاء ۱½ " - اخبار گفتگو - جواب مضمون
بھاشا ۳ " - ستیارتھ پرکاش

جماعت ششم

طب یا کتابت ۳ گھنٹہ - سدید نصف علمی - میٹیریا میڈیکا - جراحی نصف علم - جراحی عمل
تفسیر ۳ " - مدارک سورہ بقرہ - فوز الکبیر - تحریر سید احمد خان
حدیث ۳ " - ابو داؤد و نسائی -
فقہ اصول فقہ - ۳ گھنٹہ - ہدایہ ختم - تلویح توضیح ۱۱۲ صفحہ تک
تصوف ۳ " - عوارف - فتوح الغیب - کتاب الاخلاق ابن عربی
کلام و مناظرہ ۲½ گھنٹہ - بائیبل ختم - حضرت التجلی - نونیہ ابن قیم
تاریخ و جغرافیہ ۳ " - حماۃ الاسلام جغرافیہ
علم الاعراب والتالیف ۳ " - اعجاز البلاغہ - اسرار البلاغہ - متن متین
منطق فلسفہ اقلیدس ۳ " - سلم مبندی - اقلیدس ۳ مقالے
ادب ۳ گھنٹہ - دیوان متنبی - الفاظ الکتابیہ
انشاء ۱½ " - جواب مضمون - لیکچر عربی میں
سنسکرت ۳ " -

جماعت ہفتم

طب یا کتابت ۳ گھنٹہ - قانون (حمیات) مخزن الحکمۃ - جراحی
باقی نصف زبانی تشریح
تفسیر ۱½ گھنٹہ - اعجاز المسیح - کرامات الصادقین تفسیر احمدی
نیل المرام
حدیث - ۳ گھنٹہ - موطا امام مالک - امام محمد - ابن ماجہ بخاری
فقہ و اصول فقہ ۳ گھنٹہ - مختصر ابن حاجب - مسلم الثبوت
تصوف - ۳ گھنٹہ - حجۃ اللہ البالغہ
کلام و مناظرہ ۳ " - چشمہ معرفت - فصل الخطاب تصدیق
براہین احمدیہ - رسالہ نور الدین - ریویو سے خاص مضامین سر الخلافہ

مکتوبات امیر المومنین رض

ایک مدعی مہدویت

ایک شخص اللہ بخش نام علاقہ ڈیرہ غازی خان میں مہدویت کا دعوے کیا ہے اور ایک کتاب لکھی ہے جس میں حضرت اقدس امامنا و مرشدنا کے حق میں سخت گالیاں استعمال کی ہیں اور وہابیوں کی بھی مخالفت کی ہے اور کتاب بخدمت حضرت امیر المومنین بھی بھیجی ہے حضرت نے اس کو مفصلہ ذیل جواب لکھا ہے۔

" کتاب پہونچی اور پڑھی - حضرت نے دہا بیہ کا رد بھی فرمایا۔ اور ثناء اللہ امرتسری وہابی کا اشتہار بھی کتاب کے آخر دیا ہے تعجب آیا - کتاب کا اصل منشاء ہی مرزا صاحب کا رد ہے اور اپنی مہدویت - سو اگر جناب کو کبھی جنون کا عارضہ نہیں ہؤا - تو ببرکت خاندان چشتی خواجگان علیہم الرضوان آپ کا انجام بخیر ہوگا ورنہ خطرہ ہے کیونکہ آپ نے بڑے راستباز کو تبرا کیا اور گالی دی ہے۔

بد دعا نہیں چاہئے

ایک شخص نے لکھا کہ میں نے بد دعا کی تھی کہ میری اولاد مر جائے تا کہ فارغ ہو کر دینی خدمت میں لگوں - حضرت امیر المومنین نے اُسے لکھا " یہ دُعا جیسی آپ نے مانگی بہت بری ہے تم دعا مانگتے کہ الٰہی میری اولاد نیک ہو وہ زندہ رہے میں مسیح موعود کے ساتھ رہوں - بد دعا کی کیا ضرورت تھی کہ اولاد مرجاوے یہ غلطی ہے اور اللہ بخشنے والا ہے - آپ کثرت سے استغفار اور خیرات کریں اور مجھے لکھتے رہیں - میں دعا کروں گا۔

قلزم عشق سے نکلے ہوئے سچے موتی

(از سیدی محمود احمد)

وہ چھرو ہر روز میں دکھاتے رقیب کو تو چھپا چھپا کر
وہ ہم ہی آفت زدہ میں جن سے چھپاتے ہیں منہ دکھا دکھا کر
ہی مارا اک کو رُلا رُلا کر - تو دوسرے کو ہنسا ہنسا کر۔
جگر کے ٹکڑے کئے ہیں کس نے یہ دل کی حالت دکھا دکھا کر
اڑائیگا نہ ہوش میرے غزالی آنکھیں دکھا دکھا کر
چھری ہے جلتی داغ جگر پر نہ کیجیے باتیں چبا چبا کر
کوئی وہ دن تھا کہ پاس اپنے وہ تھے بٹھاتے بلا بلا کر
نکالتے ہیں مگر وہاں سے وہ تا مجھے اب بتا بتا کر
فراق جاناں نے دل کو دوزخ بنا دیا ہے جلا جلا کر
یہ آگ بجھتی نہیں ہے مجھ سے میں تھک گیا ہوں بجھا بجھا کر
جو ہے رقیبوں سے تم کو اُلفت تو دل میں پوشیدہ رکھو اُسکو
مجھے ہو دیوانہ کیوں بناتے بتا بتا کر جتا جتا کر
مجھے سمجھتے ہو کیا قلی تم - کرتے ہو بوجھ لادتے ہو
بس اب تو جانے دو تھک گیا ہوں غم و مصیبت اٹھا اٹھا کر
پڑے بلا جس کے سر پہ آ کر اسے وہی خوب جانتا ہے
تماشا کیا دیکھتے ہو صاحب ہمارے دل کو دُکھا دُکھا کر
کبھی جو تعریف کیجئے تو وہ کہتے ہیں یوں بگڑ بگڑ کر
مزاج میرا بگاڑتے ہیں بنا بنا کر بنا بنا کر
رہا الگ وہ ہمارا یوسف نہ اس کا دامن بھی چھو سکے ہم
یونہی عبث میں گنوائیں آنکھیں ہیں اشک خونیں بہا بہا کر
جو کوئی ہے میں بلائے آیا تو اس کو تم کیوں نکالتے ہو
ہیں ایسے لاکھوں کہ بزم میں جو تمہیں بٹھاتے بلا بلا کر
ہیں چاندنی راتیں لاکھوں گذریں کھلی نہ دل کی کلی کبھی بھی
وہ عہد جو مجھ سے کر چکے تھے بھی توڑے بے وفا وفا - کر
جدائی ہم میں ہے کس نے ڈالی خضر تمہیں اس کا کچھ پتہ ہے
وہ کون تھا جو کہ لے گیا دل ہے مجھ سے تمہیں ملا ملا کر
فراق جاناں میں ساتھ چھوڑا ہر ایک چھوٹے بڑے نے میرا
تھی دل پہ امید سو اسے بھی وہ لے گیا ہے بھگا بھگا کر
ہزار کوشش کرے کوئی پر وہ مجھ سے عہد برا نہ ہوگا
جسے ہو کچھ زعم آزمائے ہوں کہتا ڈنکا بجا بجا کر
یہ چھپ چھپے کیوں چٹکیاں ہے لیتا تجھے بھلا کس کا ڈر پڑا ہے
جو شوق ہو دل کو چھیڑنے کا تو شوق سے بر ملا ملا کر
یہی ہے دن رات میری خواہش کہ کاش مل جائے وہ پری رو
مناؤں پھر بیقرار دل کو گلے سے اس کو لگا لگا کر
جو مارنا ہے تو تیر مژگاں سے چھید ڈالو دل و جگر کو
نہ مجھ کو تڑپاؤ اب زیادہ تم آتے دن یوں ستا ستا کر
خدا پہ الزام بیوفائی یہ بات محمود پھر نہ کہیو
ہوا ہے تجھے بندہ خدا کیا - خدا خدا کر خدا خدا کر
جو کوچہ عشق کی خبر ہو تو سب کریں ایسی بیحیائی
یہ اہل ظاہر جو مجھ سے کہتے ہیں کچھ تو بے حیا حیا کر

المفتی

توام میں سے بڑا کون ہے

ایک شخص نے سوال کیا کہ دو لڑکے جب توام پیدا ہوں تو ان میں سے بڑا کون سمجھا جائیگا اور چھوٹا کون۔
حضرت امیر المومنین نور الدین ایدہ اللہ نے فرمایا - کہ جو ...

ایڈیٹوریل

ریویو کرنے میں میری مشکلات

میرے لئے یہ ایک نہایت مشکل مرحلہ ہے کہ میں شیخ یعقوب علی صاحب ایڈیٹر الحکم کی تالیف پر ریویو کروں اور پھر وہ تالیف بھی تفسیر ہو اور تفسیر بھی قرآن مجید کی جس کے لئے حاوی علوم معقول و منقول ہونا ضروری ہے۔ پھر ایک اور مشکل ہے وہ یہ کہ بد قسمتی سے اس زمانہ میں تخالف آراء کو مخالفت ذاتی و تباغض و تحاسد پر مبنی سمجھا جاتا ہے۔ میں وہ الفاظ کہاں سے لاؤں جن سے یہ یقین دلا دوں کہ میری تنقید جو ہے وہ محض نیک نیتی اور خلوص قلبی کے ساتھ ہے اور میں نے اگر کوئی نقص ظاہر کیا ہے تو محض بغرض اصلاح کسی کی توہین یا تذلیل مطلوب نہیں ہے اگر کوئی خوبی بیان کی ہے تو صرف اس لحاظ سے کہ واقعی یہ بات اس میں ہے کوئی خوشامد یا چاپلوسی مقصود نہیں ہے۔

تفسیر القرآن واقعی مفید ہے

ایک شخص بیابان میں جا رہا ہے پاؤں تلے گرم ریت ہے سر پر کوئی چھاتا نہیں دھوپ بڑی سخت ہے، پیاس لگ رہی ہے ایسے وقت میں اسے اگر کڑوا پانی بھی مل جاوے تو اسے شہد کے برابر میٹھا لگتا ہے کسی خاردار بے برگ درخت کا حدت ذرا سایہ ہو۔ تو وہ بھی اب جو گھنے درختوں کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں سے کم نہیں

احمدی قوم آبحیات کی پیاسی ہے وہ اس چشمۂ عرفان سے پیالے بھر بھر کے پینا چاہتی ہے۔ کوئی پلانے والا ہو کسی طریق سے پلائے وہ اپنے ساقی کے جام کو لپک لپک کر لینے کے لئے طیار ہے

یعقوب علی کی ہمت

ایک ہفتہ وار اخبار کی ایڈیٹری مینجری مشین پرنٹنگ پریس کا اہتمام۔ جتھے کہ محرری کے فرائض پبلک سے عام تعلقات۔ تصانیف کا شوق۔ یک سر و ہزار سودا والا معاملہ ہے۔ باوجود ان مصروفیتوں کے جنہیں سر کھجلانے کی بھی فرصت نہ ملے۔ آپ کا تفسیر و ترجمہ لکھنا اعجاز نہیں تو ہمت مردانہ کا بین ثبوت ہے۔

آسانیاں اور مشکلات

اس راہ میں کچھ آسانیاں بھی ہیں از انجملہ ایک یہ کہ علامہ نور الدین امیر المومنین کو قرآن مجید سے ایک خاص اُنس۔ اُنس نہیں بلکہ عشق ہے آپ عرصہ سے باقاعدہ درس دیتے ہیں اور اسی طرح کئی دور ختم ہو چکے ہیں اگر ایک آیت ایک دور میں حل نہیں ہوئی۔ تو دوسرے دور میں حل ہو جاتی ہے بالمشافہ الگ طور پر آپ سے دریافت کیا جا سکتا ہے۔ پھر آپ کی تصنیفات بعض آیات کی تفسیر کے لئے رہنما ہیں۔ خود حضرت مسیح الثقلین نے تو جس آیت کو لیا بالکل صاف کر دیا ہے اور کئی مشکل مسائل کو اپنی تصنیفوں میں ایسا حل کیا ہے کہ باید و شاید۔ کئی اصول ایسے بتلائے ہیں جن پر چل کر انسان تدبر سے آیات کے اصلی معانی پر آگاہی حاصل کر سکتا ہے کئی آئین صرف آپ کی ذات مجمع برکات کی صحبت سے حل ہوتی ہیں کیونکہ آپ کی زندگی بھی قرآن شریف کی ایک تفسیر تھی کئی آیات کو زمانہ کے واقعات نے جو اس مسیح کے لئے نشانات کے رنگ میں ظاہر ہوئے حل کیا۔ پھر آپ نے ایک قوم کو قرآن مجید کی طرف ایسی توجہ دلائی کہ وہ دن رات اسی میں تدبر کرتی رہتی تھی اور اب بھی کرتی رہتی ہے چنانچہ اس بحر ذخار کے غوطہ زنوں سے ایک مرحوم عبد الکریم (رضی اللہ عنہ) بھی تھا۔ اس کا غواص طبیعت وہ وہ در رشاہوار لایا کہ ان کی چمک کے سامنے چشم عالم خیرہ ہے۔ آپ نے جن جن آیات کی تفسیر لکھی ہے خوب لکھی ہے اور پھر دوسرے کو اس پر کچھ لکھنے سے بے پرواہ کر دیا ہے وہ جرنیل الفاظ معانی کی افواج پر کمانڈ کرنا خوب جانتا تھا۔

الحمد للہ کہ ہمارے مکرم دوست شیخ صاحب نے ان سب سامانوں سے کافی فائدہ اٹھایا ہے موقع بر موقع وہ عبارت نقل کر دی گئی ہے جو سیدنا المسیح نے کسی آیت کے متعلق لکھی یا خلیفۃ المسیح نے ارشاد کیا یا مولوی عبد الکریم نے تحریر کی یا فاضل احسن نے رقم فرمائی چنانچہ سورہ فاتحہ کی تفسیر کا اکثر حصہ مولوی عبد الکریم صاحب کا نوشتہ ہے مقطعات پر فاضل امروہوی نے کافی بحث کر دی تھی اسی کو نقل کر دیا ہے اور اس طرح پر آپ کی محنت کا ایک حصہ کم ہو گیا مگر پھر بھی ایسے مواقع کا یاد رکھنا یا کم از کم یہ جاننا کہ اس آیت کے متعلق ان بزرگان ملت سے کوئی لکھ چکا ہے یہ بھی تو ایک قابل قدر بات ہے اور میرے نزدیک یہ شیخ یعقوب علی ہی کا حصہ ہے۔

پھر مشکلات بھی ہیں اس وقت تک کئی ترجمے ہو چکے ہیں مگر سب کے سب نقصوں سے خالی نہیں چنانچہ ان کے آخری ترجمہ فتح الحمید کی نسبت ناچیز ایک ریویو لکھ چکا ہے جس کی نسبت گو میرے معزز و محترم مہربان مولوی محمد علی صاحب ایم۔ اے ایڈیٹر ریویو نے بھی تسلیم کر لیا کہ واقعی یہ نقص ضرور نقص ہیں۔ لیکن رواداری کے اصل پر نظر کر کے فرما دیا کہ چونکہ دوسروں نے بھی یہ فروگذاشتیں کی ہیں اس لئے یہ جائز یا کم از کم اعتراض کے قابل نہیں خیر بہر حال میرا مطلب حاصل ہے وہ یہ کہ ابھی تک کوئی ایسا ترجمہ نہیں چھپا جو اعتبار و سند کے قابل ہو اور احمدیہ جماعت کے مذاق کے مطابق ہو پس شیخصاحب کو از سر نو ترجمہ کرنا پڑا اور اس میں وہ کسی دوسرے ترجمے سے (جہاں تک میں خیال کر سکتا ہوں) کم فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور مترجم کے لئے عربی محاورات عربی لغات اور احادیث وغیرہ کا کافی علم ضروری ہے لیکن باوجود ان مشکلوں کے آپ ترجمہ کر رہے ہیں۔

ترجمہ کیسا ہے؟

یہ سوال بہت ہی اہم سوال ہے جب تک تمام قرآن مجید کا ترجمہ نہ ہو جائے رائے دینا مشکل ہے۔ پھر ترجمہ مختلف مذاقوں کے مطابق مختلف طور سے پسندیدہ ہو سکتا ہے بعض لفظی ترجمہ کو پسند کرتے ہیں بعض محاورہ کے دلدادے ہوتے ہیں بعض خطوط وحدانی میں کچھ تشریحی عبارت بڑھانا ضروری کہتے ہیں بعض اسے بہت برا سمجھتے ہیں شیخصاحب نے سب کے مذاق کا لحاظ کر کے ایک بین بین راہ لی ہے مگر ان کا رجحان طبیعت محاورہ کی طرف زیادہ ہے اس لئے بعض الفاظ کے معنے رہ گئے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا عربی میں تو یہ الفاظ آ گئے ہیں مگر اردو میں آنے کے لئے ان کا آنا یا نہ آنا برابر تھا جسے میں پسند نہیں کر سکتا۔ عربی کی ایک گنجلک اور لمبی ترکیب کا ترجمہ ایک لفظ میں کر دینا ہے تو کمال۔ مگر مبتدی کے لئے بہت تکلیف دہ ہے۔ مثلاً فیما کانوا فیہ یختلفون کا ترجمہ "اختلافی امور" پھر بعض جگہ ایسے تساہل سے کام لیا گیا ہے جس پر مجھ کو خیال آتا ہے شیخصاحب نے کیوں نظر ثانی نہ کر لی۔ مثال کے طور پر چند مقامات پیش کرتا ہوں۔

"مالھم من محیص" کا ترجمہ کیا ہے۔ عذاب الٰہی سے کوئی مخلصی دلانے والا نہیں۔

یجتنبون کبائر الاثم والفواحش۔ صرف بڑے بڑے گناہوں سے بچتے ہیں لکھ دیا ہے۔ اثم کا ترجمہ تو آ گیا مگر فواحش کا کچھ ترجمہ نہیں کیا۔

ما علیہم ~~من~~ - تو اس پر کوئی الزام نہیں۔ جو شخص کا خیال رہا ہے مگر ہم کا نہیں۔ ایسا ہی ینصرونہم کا ترجمہ مدد کرے

(۵) من عبادہ جزءاً۔ میں جزءاً کا ترجمہ بھی ندارد۔ سہو کتابت ہو گا چونکہ از کم پروف زیادہ غور سے دیکھنے کی طرف توجہ دلاتا ہے ایسا ہی قال۔ لابیہ کا ترجمہ نہیں کیا۔ ایسا ہی والمومنات کا اور یمنون علیک کا۔

(۶) لعلم للساعة کا ترجمہ الساعة کے لئے نشان ہے۔

(۷) مستقبل اودیتھم کا ترجمہ وادیوں میں سے آرہا تھا۔ ص۱۶۱

(۸) فلیس بمعجز فی الارض کا ترجمہ زمین پر مغلوب ہو کر رہیگا۔ ص۱۶۳

(۹) فاحبط اعمالہم ۔ ان کے اعمال اکارت جاوینگے اس طرح ترجمہ کرنے سے یہ وہم ہوتا ہے کہ مترجم صرف و نحو سے واقف نہیں۔

(۱۰) من قریتك التی اخرجتك کا ترجمہ کیا ہے جس سے تمہیں نکال دیا ہے ص۱۷۰

(۱۱) فی قلوبہم الحمیة حمیة الجاھلیة ۔ اس کا ترجمہ صرف جاہلیت کی حمیت کرنا اسلوب بلاغت قرآن کا خیال نہ کرنا ہے ایسا ہی والھدی معکوفاً میں معکوف کا ترجمہ الگ نہ کرنا ص۱۹۵

(۱۲) کرہ الیکم ۔ کا ترجمہ فرماتے ہیں یہ بدعہدی اور نافرمانی سے تم کو نفرت دلا رہی ہے حالانکہ اس کا فاعل تو اللہ ہے ص۱۹۹

(۱۳) فکرھتموہ کا ترجمہ اس امر سے کراہت کرو نہیں ہے امر ہرگز نہیں۔ ص۲۰۵

(۱۴) ادخلوھا ۔ کا ترجمہ داخل کرو ۔ میری سمجھ میں نہیں آیا۔ ایسے ہی کئی الفاظ و مقامات ہیں جن کو میں دیدہ دانستہ چھوڑ گیا ہوں کیونکہ میرا مطلب صرف متوجہ کرنا ہے۔

باوجود ایسے معمولی نقصوں کے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ بعض آیات کا ترجمہ شیخصاحب نے دیسا درج کیا ہے کہ پسلی پھڑک اٹھی نظر انتخاب کی ۔ جزاہ اللہ احسن الجزاء

تفسیر کیسی ہو؟ جب سے قرآن مجید نازل ہوا ہے اسکی ہزاروں تفسیریں لکھی گئی ہیں ہر ایک تفسیر اپنے رنگ میں زمانہ کے مذاق کے مطابق لکھی گئی ہے۔ مولانا نورالدین صاحب کو تفاسیر کا بہت شوق ہے آپ نے ایک دفعہ نصاب تعلیم مقرر کرتے وقت تفسیر کے آگے انا للہ وانا الیہ راجعون لکھ دیا تھا جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کوئی تفسیر ایسی نہیں بنی جو اول سے آخر تک مفید کہی جا سکے بلکہ ان میں سے بعض تو اسرائیلیات سے پر ہیں بعض میں اس قسم کے غیر مفید جھگڑے ہیں کہ بسم اللہ میں ب اور س کے درمیان کا الف شیطان چرا کرلے گیا۔ بعض میں صرف ناسخ منسوخ کی ایسی بحث ہے کہ نصف نہیں تو ثلث قرآن کو عضو معطل کی طرح کر دیا ہے ۔ خیر بہرحال قرآن مجید کی جس قدر تفسیریں لکھی گئی ہیں ان سب کو مجموعی حیثیت سے دیکھا جائے تو یہی کہنا پڑتا ہے لا تنقضی عجائبہ ولا تفنی غرائبہ موجودہ زمانہ میں کس قسم کی تفسیر کی ضرورت ہے۔ جہاں تک میں خیال کرتا ہوں اس بحث میں تین باتیں ضرور ہونی چاہئیں ایک تو یہ کہ ایک آیت کا دوسری آیت کے ساتھ ایک رکوع کا دوسرے رکوع سے ایک سورة کا دوسری سورة سے ربط ملایا جاوے اور بتایا جاوے کہ قرآن مجید مسلسل و مربوط کلام ہے۔

دوم ۔ یہ کہ اسے ایک مدلل کتاب ثابت کیا جاوے ہر دعویٰ کے ساتھ اس کی دلیلیں ضرور ہوتی ہیں اور یہ صرف قرآن مجید کا خاصہ ہے۔

سوم یہ کہ اس کی ایک ایک آیت یا کم از کم ایک ایک رکوع میں پیشگوئیاں ہیں جو آئت ہیں ۔ اس بات پر کہ یہ قادر مطلق عالم الغیب خدا کا کلام ہے۔

مجھے افسوس ہے کہ متقدمین نے اس خصوص میں بہت کم لکھا ہے ۔ الحمد للہ کہ شیخصاحب نے ان تینوں باتوں کا لحاظ رکھا ہے ۔ بلکہ یوں کہنا چاہئیے کہ ایک حد تک التزام کیا ہے ۔ گو بعض جگہ تساہل سے کام لیا ہے مگر تاہم ایں ہم غنیمت است تفسیر پڑھنے سے ایک مخالف پر ثابت ہو جاتا ہے کہ قرآن کریم کی ایک ایک آیت پیشگوئی کے رنگ میں اعجاز ہے وہ ایک مدلل کلام ہے ۔ جس کے سامنے فلاسفہ زمانہ حال کا ناطقہ بند ہے وہ ایک مربوط کلام ہے۔

کاتب صاحب کی مہربانی اور پروف ریڈر کے تساہل نے یہاں بھی بہت سی شکایات کی وجہیں پیدا کر دی ہیں۔ مختلف باتیں سرسری طور سے بیان کرتا ہوں۔

(۱) غفور رحیم کو غفور الرحیم (۲) و الکتبہ ۔ (۳) ان محمد (۴) نزدلہ فی الاخرة ۔ بجائے نزدلہ فی حرثہ (یہ تو سہو کاتب نہیں ہوسکتا کیونکہ معنی بھی اسی کے مطابق کئے ہیں) (۵) و فی السماء الٰہ میں عیسائیوں کی تردید کا اچھا موقعہ تھا (۶) حضرت مسیح نے جو فرمایا درج کرتا ہوں ۔ وہ خدا جانے کہاں گیا۔ (۷) فلا تھنوا و تدعوا الی السلم کے لئے فرمانا کہ بحالیکہ تم صلح کی طرف بلاتے ہو ایک خوفناک غلطی ہے (۸) مثلہم فی التوراة ۔ کے لئے تورات سے حوالہ دیدیتے ۔ تو کیا خوب ہوتا یہ بہت ہی معمولی باتیں ہیں میں نے اس نظر سے اس پر کچھ نہیں کہا کہ فلاں آئت کی یہ تفسیر ہونی چاہئیے تھی اور چاہئیے ہی نہیں ۔ کیونکہ کل یعمل علیٰ شاکلتہ۔

کتابت وغیرہ کتابت کے بارے میں تو مجھے یہ کہنا ہے کہ جہاں شیخصاحب تفسیر القرآن قوم کو مکمل کرکے دینگے ۔ وہاں انشاء اللہ کارخانہ الحکم کو ایک خوشنویس کاتب بھی تیار کر دیں گے ۔ کیونکہ آدمی ذہین معلوم ہوتا ہے اور وہ کافی ترقی کر رہا ہے اور اس کی ترقی تفسیر کے مختلف نمبروں سے عیاں ہے باقی رہی صحت اس کے لئے مجھے افسوس کے ساتھ شیخصاحب کی طرف سے معذرت کرنی پڑتی ہے ۔ قرآن مجید کے بعض الفاظ کو عجیب طور سے تبدیل کیا ہے ۔ یعنی نبیاً ھم کو یسٰ (۲) اَنْ اَدُّوْا اِلَیَّ عِبَادَ اللّٰہِ کو اِنْ اَدُّوْا اِلیٰ عِبَادِ اللّٰہِ لکھا ہے ۔ این کو وین ۔ طَعْمَةٌ کو طعمہ ۔ عن المسجد الحرام کو عن المسجد الحرام ۔ لا تخافون کو تخافون ۔ مگر یہ مشتے نمونہ از خروارے ہے ۔ کاغذ بھی کتابت کے ساتھ ترقی کر رہا ہے اور چھپوائی تو شین پریس کی ہے اور خود ان کے اہتمام میں۔

آخر اخیر میں ہم قوم کی طرف سے اپنے مکرم مہربان کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ ایک مفید کام میں لگے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں برکت دے۔

اللّٰھُمَّ اید الاسلام والمسلمین بالامام الحکم العادل

اعلان

غالباً احباب سے یہ امر پوشیدہ نہیں کہ گذشتہ سال عمارت مدرسہ و بورڈنگ کے چندہ کی فراہمی کے لئے چند احباب کا ایک ڈیپوٹیشن احمدی احباب کیخدمت میں بعض مقامات پر گیا تھا جسے اکثر احباب نے خوشی سے قبول کیا اور اسی وقت نقد چندہ دیا اور بعض جگہ وعدے بھی اکی قدر دانی فرمائی اور وہ وعدے آج تک آہستہ آہستہ پورے ہو رہے ہیں اس کے بعد بسرعت تمام اینٹ پکوانے کا کام شروع کیا گیا اور گذشتہ موسم برسات گذرنے کے بعد بھٹہ کو آگ دیگئی اور خدا کے فضل سے اینٹ پک کر نکل رہی ہے چونکہ بورڈنگ ہوس کی بہت ضرورت ہے اس واسطے مجلس معتمدین نے پہلے صرف بورڈنگ ہوس کے بنانے کی منظوری دی ہے جس کے لئے علاوہ پہلی طیار شدہ اینٹ کے بارہ لاکھ اور اینٹ پکوانے کی ضرورت ہے جس کیواسطے دس ہزار روپیہ کی اور ضرورت ہے اور بنیادوں کو پُر کرنے کے لئے بھی مدتین ہزار روپیہ درکار ہوگا اور یہ سارا کام بہت جلد ہو جانا چاہئیے مگر چونکہ فنڈ میں سارا روپیہ خرچ ہو چکا ہے اور اس وقت روپیہ کی سخت ضرورت ہے لہذا مجلس معتمدین نے فیصلہ کیا ہے ۔ کہ ایک ڈیپوٹیشن مندرجہ ذیل احباب کا جس قدر جلد ہو سکے فراہمی چندہ کے لئے دورہ کرے اس قدر اور التماس سب احباب کی خدمت میں ہے کہ اگر وہ خود بخود ہی تحریک کرکے سال گذشتہ کی طرح چندہ جمع کرکے معقول رقموں سے مدد دیویں تو اس میں بہت آسانی ہے کیونکہ ڈیپوٹیشن کے ممبر بھی سب کے سب کم فرصت ہیں اگر احمدیہ انجمنیں خود ہی یہ انتظام کر دیں تو ضرورت جلدی پوری ہو سکتی ہے ڈیپوٹیشن میں ذیل کے

جناب میاں معراج الدین صاحب عمر ۔ جناب شیخ رحمت اللہ صاحب ۔ ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب ۔ ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب ۔ میر محمد اسمٰعیل صاحب ۔ ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب ۔ سکرٹری ۔ بالعموم [illegible]

مختلف نوٹ

۱۔ اہلیہ محترمہ خلیفہ رشید الدین صاحب نے ان چھوٹے بچوں کو جو باہر سے آکر یہاں تعلیم پاتے ہیں ایک ٹی پارٹی دی۔ واقعی یہ بہت عمدہ رسم ہے اور بچوں کو جو یہاں آکر تعلیم پانے کے لئے غریب الوطن ہیں ایسے سلوک سے وہ بچے جو اس چھوٹی عمر میں اپنے ماں باپ سے جدا ہو سکتے گھبرائینگے نہیں۔ بلکہ وہ سمجھیں گے کہ یہاں بھی ہم سے پیار کرنے والی مائیں موجود ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ سلسلہ جاری رہے۔

۲۔ مدرسہ احمدیہ عربیہ میں بہاشا بھی سکھائی جائیگی۔ خلیفہ صاحب موصوف نے یہ خدمات کو اپنے ذمہ لیا ہے۔ جزاہ اللہ

۳۔ سید محمود احمد صاحب ۱۲ مارچ کو گھوڑی پر سے گر پڑے جس سے آپ کو چوٹ آئی۔ مگر الحمد للہ خطرناک نہیں

۴۔ حضرت امیر المومنین کی طبیعت بحمد اللہ درست ہے۔ چونکہ طلبہ اعلم جو آپ سے پڑھتے تھے مدرسہ احمدیہ میں داخل کر دئے گئے ہیں اس لئے فراغت کے اوقات میں اب انشاء اللہ کوئی مفید تصنیف کر سکیں گے۔ جو فصل الخطاب نور الدین کی طرح غیر مذاہب کے لئے کارگر حربہ ہوں گی۔

۵۔ ترجمۃ القرآن کی جو ضرورت ہے اس کو آپ مدت سے محسوس کر رہے ہیں بلکہ میرے آقا مسیح الثقلین نے بھی آپ کو تحریراً ارشاد کیا تھا کہ آپ اس کام کو کریں اللہ تعالیٰ سب مشکلات کو رفع کر دیگا۔ میں قوم کی طرف سے دوبارہ یہ درخواست نہایت ادب کے ساتھ جناب خلافت مآب میں پیش کرتا ہوں۔

۶۔ مخالف ہمارے کیا کیا خوفناک منصوبے کرتے ہیں اور پھر کس طرح ناکام رہتے ہیں اس کا اندازہ ایک واقعہ سے ہو سکیگا جو حال میں پیش آیا ہے کہ ایک شہر میں یہ خبر اڑی۔ کہ فلاں مولوی صاحب کے گھر میں چوری ہو گئی۔ پھر مسجد کے اوپر ایک چھوٹی سی صندوقچی پائی گئی اور ساتھ ہی یہ کہہ دیا کہ فلاں احمدی کی یہ سازش ہے جب تھانیدار آیا تو اس نے سوتھ نقب کو دیکھا جہاں سے چھت پھاڑی گئی تھی اس کے ساتھ ایک کمزور سا چھتہ بنا ہوا تھا۔ جس پر کچھ چھوٹے چھوٹے برتن پڑے ہوئے تھے۔ تھانیدار نے کہا اگر چور باہر سے آتا تو یہ برتن ضرور گرتے اور یہ چھتہ ضرور ٹوٹ جاتی صاف ثابت ہوا کہ یہ بناوٹی نقب ہے۔ پس یہ فریق مخالف بہت شرمندہ ہوا یقیناً ہر حال میں متقی فتحمند ہوتا ہے۔

۷۔ مخدوم و محسن مفتی محمد صادق صاحب رقمطراز ہیں۔ کہ

ضلع گورداسپور کا دورہ ختم ہوا۔ ۲۳ نئے خریدار بدر کے بنے۔ ۹ آدمی سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوئے چند ایک مقامات پر تین جگہ نئی انجمنیں قائم ہوئیں۔ برادر صادق کی بے غرضانہ خدمات خصوصاً نئے آدمیوں کی بیعت قوم کی طرف سے خاص شکریہ کی مستحق ہے۔ اللّٰہم زد فزد۔

قلعہ بکاؤلی کا طلسم

مہاراجہ رام چندر جی والئے اجودھیا کے زمانہ سے بھی صدہا برس پہلے کا یہ طلسم بنا ہوا ہے جو راجہ سکل ہو گزرے جو راجگان ریوان کا جداعلیٰ تھا اس طلسمی قلعہ کو اپنے وزیر کرنڈ گھوک کی مدد سے بدیں غرض بنوایا تھا کہ اس کا زر و مال اور گنج دشمن کی دست برد سے محفوظ رہے (کرنڈ گھوک وزیر بڑا عالم فاضل مہندس اپنے وقت کا انجنیر اور علم دان تھا) اسی قلعہ کے اندر مہارانی بکاؤلی پیدا ہوئی تھی۔ جس کے نام پر یہ طلسم مشہور ہے بکاؤلی کا اصلی نام زبدال تھا کیونکہ یہ پاؤں یعنی پیدری تھی (پاؤں کی طرف سے پیدا شدہ) اور سنسکرت میں زبدال اس کو کہتے ہیں جو پاؤں کی طرف سے الٹ چلنے والا ہو بکاؤلی اس کا نام اس لئے مشہور ہوا کہ یہ نہایت ہی حسین اور سفید لباس پہننے کی شائق تھی اور سنسکرت میں بک (جس سے لفظ بکاؤلی بنا ہے) بگلہ کو کہتے ہیں جو سفید ہوتا ہے موضع امرکنٹک ضلع منڈلہ کے قریب واقع ہے اور مہاراجہ ریواں کی عملداری میں ہے اسی گاؤں کے جنوب میں ایک سنسان وادی (دامن کوہ) ہے جہاں پر ایک بڑی گہری دلدل ہے اسی دلدل کے عین وسط میں یہ طلسم واقعہ ہے یہ دلدل گو لمبائی میں کوسوں تک چلی گئی ہے لیکن چوڑائی میں تین چار میل سے زیادہ کہیں نہیں ہو البتہ گہری اس قدر ہے کہ اگر کئی ہاتھی اوپر تلے کھڑے کر دئے جاویں تو سب غرق ہو جاویں۔ دلدل کے قریب بہت بڑا جنگل ہے۔ جہاں اژدہا شیر چیتے اور لومڑ کتے بکثرت موجود ہیں کچھ تو دلدل کی گہرائی اور وسعت اور کچھ خوفناک جنگل کے بھیانک سین اور اس کے درندہ اور خونخوار جانوروں کے خوف سے کوئی شخص اس طرف جانیکا قصد نہیں کرتا۔ چونکہ اس علاقہ کی مٹی سیاہ اور چکنی ہے جو پانی (بارش کا پانی) بہت جذب کرتی ہے اس لئے وہاں کا نشیبی حصہ دلدلوں سے بھرا پڑا ہے بعض مقامات پر دلدل اوپر سے بالکل خشک معلوم ہوا کرتی ہے اس لئے وہاں اکثر مویشی اور آدمی دھوکے سے پھنس کر غرق اور تلف ہو جاتے ہیں۔ ان خوفناک باتوں کی وجہ سے بھی کوئی اس طرف جانیکا ارادہ نہیں کرتا۔ یہ مخصوص دلدل جس میں قلعہ بکاؤلی واقعہ ہے دریائے سون بہدرا کے قریب واقع ہے اور اسی کے قریب ایک بہت بڑا سرسبز اور شاداب مختلف اقسام کے پھولوں سے لدا ہوا جنگل ہے۔ جس کو بکاؤلی کا باغ بتایا جاتا ہے اسی باغ میں وہ پودا اب تک موجود ہے جس کے پھول کو گل بکاؤلی کہتے ہیں۔ زبدا کی دھار سے تھوڑے فاصلہ پر ایک مقام پر پہاڑ سے دو میل کی بلندی سے ایک آبشار کی دھار چادر کی صورت میں پھیل کر گرتی ہے۔ جسے کپل دہارا کہتے ہیں اس جگہ پر ایک بہت بڑا تالاب ہے جسے مائی بکاؤلی کا تالاب کہتے ہیں بکاؤلی کا طلسمی قلعہ یوں تو نظر نہیں آتا۔ کیونکہ خشک زمین کے کناروں سے کئی میل دور دلدل کے اندر واقعہ ہے لیکن اطراف سطح پہاڑی پر چڑھ کر اگر دوربین سے دیکھیں تو صاف دکھائی دیتا ہے بلکہ قلعہ کے اندر کے درخت بھی نظر آتے ہیں دوربین کے ذریعہ قلعہ کی دیوار سنگین بہت بلند اور چاروں طرف سے بند معلوم ہوتی ہے یعنے قلعہ کا کوئی دروازہ نظر نہیں آتا یہ بھی سنا گیا ہے کہ کبھی کبھی قلعہ کے اندر رات کو روشنی کی سی شعاعیں دکھائی دیتی ہیں اور جاڑوں میں کبھی رات کو دف وغیرہ کے بجنے کی آواز سی بھی محسوس ہوتی ہے۔

مولائے حفیظ سلطان مراکش پر ایک ملکی شخص نے قاتلانہ حملہ کیا حملہ آور پکڑ لیا گیا اور گستاخی کا سبب دریافت کیا تو اوس نے بتلایا کہ میں سلطان کو غیر ملکیوں کے ساتھ زیادہ خلا ملا رکھتے نہیں دیکھ سکتا۔ سلطان عبد الحفیظ بالکل محفوظ رہے۔ مجرم کو سزائے تازیانہ دیے جانے کا حکم صادر کیا۔

حجاز ریلوے۔ کا وہ ٹکڑا جو کہ مکہ معظمہ اور جدہ شریف کے مابین بننے والا ہے اس پر عنقریب کام شروع ہو جائیگا۔ پانچ کمپنیاں ترکی سپاہیوں کی تعمیر ریلوے کے لئے بر سر موقعہ پہنچ چکی ہیں۔ گورنر حجاز اور شریف مکہ اس کام کی تکمیل میں ہر طرح کوشاں ہیں اور امید ہے کہ بہت جلد یہ لائن بن کر تیار ہو جاوے گی۔

محمل شامی خیریت کے ساتھ مکہ معظمہ سے چل کر مدینہ منورہ پہنچ گیا۔ راستہ میں بدو شرارت پر آمادہ ہوئے لیکن دو شریف اور معزز شخصوں نے شیوخ قبائل کی مدد سے قبیلہ والوں کا جوش ٹھنڈا کیا اور انہیں ۱۶۰ گنی بطور بہا دیکر راضی بنا لیا۔

۸ ہزار حاجیوں کا قافلہ حج سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ کی زیارت کو گیا۔ اس میں زیادہ تر مصر کے لوگ تھے۔ بدوؤں نے کوئی تعرض نہیں کیا۔ بلکہ شریف کے بھائی جو قافلہ کے ہمراہ تھے رابغ میں پہونچے تو بڑے بڑے بدو قبائل کے سردار ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے قیام امن کا حلفیہ وعدہ کیا

نہر زبیدہ کی خرابی سے پانی کی کمی اور یہی باعث زحمت ہے اس وقت مکہ مکرمہ میں ۸ روپیہ کو ایک مشک پانی بمشکل دستیاب ہوتا ہے۔

روساء پنجاب کی انجمن موسومہ پنجاب چیفس ایسوسی ایشن انجمن تعلقہ داران اودھ کے نمونے پر قائم کی گئی ہے یقین ہے کہ ملک کو اس انجمن سے قابل قدر فائدہ پہنچیگا اور گورنمنٹ کو مخلصانہ امداد دیگی۔ انجمن ہذا نے آغاز کار ہی کے طور پر اپنے پیٹرن ہز آنر سر لوئیس ڈین کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا۔ جس کا ہز آنر نے تفصیل سے جواب دیا۔

ہفتہ بھر کی خبریں

١۔ اس ہفتہ انجمن احمدیہ کا کام از سر نو سرگرمی سے جاری ہؤا۔ عہدہ داروں کا انتخاب کئے گئے امید ہے اب باقاعدہ استقلال کے ساتھ کام چلتا رہیگا۔

٢۔ امام الانام کی صاحبزادی مبارکہ بیگم کا نکاح ۱۷ فروری ۱۹۰۸ء کو ہؤا تھا۔ اب ۱۴۔ مارچ ۱۹۰۹ء کو وہ اپنے سسرال میں تشریف لے گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ بنت النبی کو تمام برکات و انعامات کا وارث بنائے جو اس کے مقدس باپ اور اس کے دوسرے بھائیوں (انبیاء و اولیاء) پر جناب الٰہی سے نازل ہوتے رہے۔

٣۔ اس ہفتہ سنگھ سبھا کا ایک جلسہ ہؤا ایک عورت کا لیکچر بھی ہؤا۔ چونکہ عورتوں کے لیکچر اس ملک میں نہیں ہوتے اس لئے اس کی تقریر ایک اعجوبہ سمجھی جاتی ہے ورنہ تقریر کا غیر مسلسل و غیر مربوط و غیر مدلل ہونا اور پھر ایک طرف صرف واہ گورو کی پوجا کی تاکید دوسری طرف گرنتھ کو سجدہ کرنا اور سکھوں کا سجدہ کرتے ہوئے دیکھنا اور منع نہ کرنا پھر تناسخ کے لغو عقیدے کا اقرار لیکچر کو پایہ اعتبار و اختیار سے بالکل ساقط کر دیتا ہے سب کو اچھا کہنا۔ میرے خیال میں کوئی مستحسن امر نہیں ہو سکتا سکھ مذہب اپنے اصول میں اسلام کے بہت قریب ہے مگر افسوس اب اس میں بال بڑھانے اور ہاتھ میں لوہے کا کنگن ڈالنے کے سوائے کسی امر کی پروا نہیں کی جاتی۔

ایران کی ہلچل۔ مملکت ایران میں اصلاح پسندوں کا زور جس سرعت سے بڑھ رہا ہے اس کو دیکھتے ہوئے یہ کہنا بالکل حق بجانب ہوگا کہ طہران کا حشر بھی عنقریب وہی ہونے والا ہے جو فرانس کی انقلاب بغاوت میں دنیا کے حسین شہر پیرس کا ہؤا تھا۔ اصفہان یعنی جہاں پر بختیاری قبائل کا سردار آقا صمصام السلطنت قابض و متصرف ہے اور اس نے صوبہ کی اصلاحی و قومی مجلس قائم کر لی ہے تمام اہل شہر مسلح کر دئے گئے ہیں اور جدید قواعد جنگ کی مشق بسرگرمی جاری ہے۔ شہر اصفہان کو خوب مضبوطی کے ساتھ قلعہ بند کیا جا رہا ہے۔ پچاس ہزار جانباز بختیاری صمصام السلطنت کے ساتھ ہیں۔

